## سوال

(423) کیا بدائع الصنائع میں رفع الیدین کی حدیث ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بدائع حدیث کی کون سی کتاب ہے اس کے اندر ایک حدیث ہے : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں : ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رفع الیدین کیا تو ہم نے بھی کیا ۔ انہوں نے ترک کردیا تو ہم نے بھی ترک کردیا ۔ ''رفع الیدین نہ کرنے والے جو بھی دلائل دیتے ہیں میں نے تقریباً سب کی تحقیق کی وہ تو ضعیف تھے ۔ (لیکن بدائع کتاب نہ مل سکی ۔)

بدائع الصنائع فقہ حنفی کی کتاب ہے ۔ باقی جناب کی درج کردہ روایت ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رفع الیدین کیا تو ہم نے بھی کیا انہوں نے ترک کردیا تو ہم نے بھی ترک کردیا ۔'' پایۂ ثبوت تک نہیں پہنچتی ۔ واللہ اعلم ۔

# فتاویٰ علمائے حدیث

## کتاب الصلاۃ جلد 1